مقدمہ نمبر۔ ____________________________

| | | |
|---|---|---|
| **ریاست ٹیکساس** | § | **کاؤنٹی کی قانونی عدالت** |
| | § | |
| **بمقابلہ** | § | **نمبر۔ چھ** |
| | § | |
| ______________________ | § | **فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس** |

**DWI کی عدالت میں قبل از مقدمہ مداخلت میں شرکت کا معاہدہ**

**AGREEMENT FOR PARTICIPATION IN DWI COURT PRE-TRIAL INTERVENTION**

قبل از مقدمہ مداخلت کے پروگرام میں شرکت کا یہ معاہدہ مذکورہ بالا اور نمبر شدہ مقدمے میں____________، مدعا علیہ اور DWI عدالت ("عدالت") کے صدر جج کی جانب سے اس تاریخ سے نافذ العمل ہوا۔

مدعا علیہ مندرجہ ذیل نمائندگیاں کرتا ہے اور مندرجہ ذیل شرائط سے اتفاق کرتا ہے:

میرا نام______________________________ہے۔ یہ میرا اصلی اور درست نام ہے اور میں کبھی کسی دوسرے نام سے جانا نہیں گیا۔ میرا موجودہ گھر کا پتہ ______________________________________ ہے اور موجودہ ٹیلی فون نمبر____________________ہے۔ اس معاہدے کی ایک شرط کے طور پر، میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں پانچ دنوں کے اندر اندر محکمے کو نوٹس دیے بغیر اپنے گھر کا پتہ نہیں بدلوں گا۔

مندرجہ و محولہ بالا مقدمے میں مجھے نشے کی حالت میں گاڑی چلانے کے جرم میں سزا ملی ہے۔ میں اس مقدمے کے علاوہ اس یا کسی اور عدالت میں کسی سنگین جرم کے تحت سزا یافتہ یا زیر الزام نہیں ہوں۔

میں گزشتہ 10 سالوں میں نہ اس یا کسی اور عدالت میں کسی سنگین جرم میں سزا یافتہ ہوں، نہ ہی کسی سنگین جرم کے تحت مجھے آزمائشی مدت یا مؤخر فیصلے کا منتظر ٹھہرایا گیا۔ میں نے گزشتہ 10 سالوں میں اس یا کسی اور عدالت میں کسی بھی قسم کے سنگین جرم میں کسی قبل از مقدمہ مداخلت کے پروگرام میں حصہ نہیں لیا۔

میں سمجھتا ہوں کہ میں DWI کی عدالت کے مداخلتی پروگرام میں آج سے آغاز کرتے ہوئے اٹھارہ (18) مہینوں کے لئے حصہ لوں گا اور یہ کہ اس دوران میری نگرانی فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحی محکمے (جسے اب سے صرف "محکمہ" کہا جائے گا)، یا نگرانی کے اضافی اختیارات رکھنے والے کسی محکمے کی جانب سے کی جائے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پروگرام میں ایک سال گزار لینے کے بعد مجھے کسی بھی وقت نگرانی سے آزاد کیا جا سکتا ہے لیکن ایسی قبل از وقت آزادی محض عدالتی صوابدید پر ہے۔

میں متفق ہوں کہ میں ان تجاویز کی پیروی کروں گا جو فورٹ بینڈ ریجنل کونسل برائے نشہ آور اشیاء کا ناجائز استعمال (Fort Bend Regional Counsel on Substance Abuse (FBRC)) یا عدالت کی طرف سے منظور شدہ ایجنسی کی جانب سے تیار کردہ جانچ کی نقل میں بیان کی گئی ہیں۔ میں عدالت اور محکمے کی طرف سے تجویز کردہ کچھ اور تمام پروگراموں میں شرکت کروں گا جو اشیاء کے ناجائز استعمال کے اقامتی علاج پر بھی مشتمل ہو سکتے ہیں اور میں عدالت اور محکمے کے تمام قواعد و ضوابط کی پاسداری کروں گا۔

میں متفق ہوں کہ میں محکمے میں حاضری دوں گا جیسے کہ تحریری ہدایت کی گئی ہے۔

میں عدالت یا محکمے کی طرف سے کی گئی ہدایت کے مطابق تمام تر فیسوں اور لاگتوں کی ادائیگی کرنے پر متفق ہوں سوائے اس کے کہ میں مفلس قرار دیا جاؤں، ان فیسوں اور لاگتوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

| | |
|---|---|
| ماہانہ نگرانی کی فیس: | $60 ماہانہ |
| لیبارٹری فیس: | $15 فی ٹیسٹ |
| انٹر لاک ڈیوائس: | $42 ماہانہ |
| VIP: | $35 فی کس |

میں سمجھتا ہوں کہ DWI عدالت کی شرائط کی تعمیل میں ناکامی کا نتیجہ کمیونٹی میں زیرنگرانی گھنٹوں اور قید کاٹنے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر میں عمل درآمد نہ کرنے کے باعث DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلت سے خارج کر دیا جاتا ہوں، تو میرا مقدمہ اس طرح آگے بڑھے گا گویا کہ میں اس پروگرام میں کبھی شریک ہی نہیں ہوا تھا۔

میں DWI کی عدالت کے مداخلت کے دوران مندرجہ ذیل انجام دینے پر متفق ہوتا ہوں:

- میں نقصان دہ یا ضرر رساں عادتوں سے دور رہوں گا۔ میں کسی بھی قسم کی شراب، ممنوعہ اشیاء، خطرناک منشیات، چرس یا ایسی نسخہ جاتی ادویہ جو قانونی نسخے کے ذریعے خصوصی طور پر مجھے تجویز نہ کی گئی ہوں کا استعمال کرنے، لینے یا اپنے پاس رکھنے سے باز رہوں گا۔

- میں محکمے کے ساتھ مجاز عملے کی جانب سے منشیات/شراب کے جائزے کو تسلیم کروں گا بشمول کسی ایسے محکمہ کے جو محکمہ کی ہدایت کے مطابق نگرانی کے اضافی اختیارات رکھتا ہو۔ میں کوئی نمونہ جمع کروانے سے پہلے قانونی طور پر مجھے تجویز کردہ تمام ادویہ کا ثبوت فراہم کروں گا؛

- میں کم از کم دو ویکٹم ایمپیکٹ پینلز (Victim Impact Panels) (VIP) میں حاضری دوں گا اور اپنی حاضری سے متعلقہ تمام تر لاگتیں ادا کروں گا؛

- میں اس ریاست، کسی دوسری ریاست، ریاست ہائے متحدہ یا ان حدود کے کسی دیگر ذیلی سیاسی تقسیم کے قوانین کی خلاف ورزی نہیں کروں گا؛

- میں عدالت یا محکمے کی ہدایت کے مطابق عدالت میں حاضری دوں گا۔

- میں فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کی طرف سے منظور کردہ کسی کمپنی سے کیمرے سے لیس ایک الکحل انٹرلاک ڈیوائس حاصل کروں گا، اسے لگاؤں گا اور برقرار رکھوں گا۔ اس معاہدے کے 15 دنوں کے اندر انٹرلاک ڈیوائس ہر اس گاڑی میں لگاؤں گا جو میں DWI کی عدالت کے پروگرام کی مدت میں چلاتا ہوں۔ مزید برآں، مذکورہ انٹرلاک ڈیوائس کے حصول، لگانے، برقرار رکھنے، اور استعمال کرنے سے متعلق تمام قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کروں گا۔ میں نگران افسر کو ان کی فرمائش پر مذکورہ انٹرلاک ڈیوائس ظاہر کرنے پر اتفاق کرتا ہوں۔ مذکورہ آلے کی لاگت میری ذمہ داری ہے۔ میں اتفاق کرتا ہوں کہ اگنیشن انٹرلاک کی عدم موجودگی میں اس صورت میں ایک ان ہوم ڈیوائس کا استعمال کیا جائے گا کہ اگر میرے پاس کوئی درست لائسنس نہ ہو اور/یا میں کوئی موٹر گاڑی نہ چلا رہا ہوں۔

مدعا علیہ کے درج بالا بیانات کی بنا پر، عدالت اور مدعا علیہ اب مندرجہ ذیل معاہدے میں شریک ہوتے ہیں:

مدعا علیہ کو DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلتی پروگرام میں شرکت کا کوئی حق نہیں ہے اور مدعا علیہ کا اس پروگرام میں شرکت کے ذریعے محولہ و مندرجہ بالا مقدمے کے تصفیے کا اختیار عدالت اور فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے ضلعی وکیل کے

دفتر کا کلی اور ناقابل نظر ثانی صوابدید ہے۔

یہ فیصلہ عدالت کرے گی کہ آیا مدعا علیہ نے DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلتی پروگرام کے شرائط یا معاہدوں میں سے کسی کی خلاف ورزی کی ہے، اور اس پر مزید نظر ثانی نہیں کی جائے گی۔

مدعا علیہ کی اس پروگرام میں شرکت کی نگرانی محکمے کی طرف سے کی جائے گی اور اس کو حکومت ٹیکساس کے قانون کے سیکشن 76.011 کے تحت محکمے کی طرف سے چلایا گیا قبل از مقدمہ مداخلتی پروگرام تصور کیا جائے گا۔ مدعا علیہ اتفاق کرتا ہے کہ خارج کیے جانے کی صورت میں، یہ مقدمہ ٹیکساس کے مجرمانہ ضابطے کے طریقہ کار کے آرٹیکل 55 کے شرائط کے مطابق چلایا جائے گا۔

ایسی صورت میں کہ DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلتی پروگرام میں مدعا علیہ کی شرکت موقوف کر دی جائے، مندرجہ و محولہ بالا مقدمہ اس عدالت کے ڈاکٹ پر اس طرح سے مرتب کیا جائے گا کہ گویا کوئی مداخلتی معاہدہ تھا ہی نہیں۔

مزید برآں مدعا علیہ اس بات پر اتفاق کرتا ہے کہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے ضلعی وکیل کا دفتر اور کاؤنٹی کی قانونی عدالت نمبر 6 کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلتی پروگرام مدعا علیہ کی شرکت کی دستاویزات برقرار رکھ سکیں، اور مستقبل میں پروگرام کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے اس قسم کی محفوظ کی جانے والی معلومات کا استعمال کر سکیں۔

میں، مدعا علیہ نتیجہ ہذا کے طور پر، اس معاہدے کو اس کی کاملیت میں پڑھ چکا ہوں اور یہاں حلف لیتا ہوں کہ یہ سچا اور درست ہے اور عدالت اور میرے مابین مکمل معاہدے کی نمائندگی کرتا ہے۔

مدعا علیہ ______________________________

میرے سامنے تسلیم کیا گیا اور اس کا حلف لیا گیا بمقام______________________________

______________________________

ڈپٹی کاؤنٹی کلرک کاؤنٹی کی قانونی
عدالت نمبر 6 فورٹ بینڈ کاؤنٹی،
ٹیکساس

______________________________
مدعا علیہ کے انگوٹھے کا نشان (دایاں)

**دفاعی کونسل کا بیان:**

میں مندرجہ و محولہ بالا مقدمے میں مدعا علیہ کی نمائندگی کرتا ہوں۔ میں نے سابقہ طور پر اپنے مؤکل کو ہونے والے DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلتی پروگرام کے معاہدے کے شرائط و ضوابط سے متعلق نصیحت اور مشاورت فراہم کی ہے؛ میرا مؤکل معاہدے کے تمام شرائط و ضوابط کو سمجھتا ہے؛ اور میرا مؤکل اس معاہدے میں آزادانہ طور پر، جانتے بوجھتے اور بقائمی ہوش و حواس شریک ہو رہا ہے۔

______________________________ ______________________________

مدعا علیہ کا مشیر تاریخ

**اسسٹنٹ ضلعی وکیل کی نمائندگی:**

ریاست ٹیکساس زیر دستخطی اسسٹنٹ ضلعی وکیل برائے فورٹ بینڈ کاؤنٹی ڈسٹرکٹ اٹارنیز آفس (FBCDAO) کے ذریعے اتفاق کرتی ہے کہ اگر مدعا علیہ اس معاہدے کے شرائط و ضوابط کو اس کی اور عدالت کی تسلی کے حد تک کامیابی سے مکمل کرتا ہے، تو FBCDAO مندرجہ و محولہ بالا مقدمے کو منسوخ کر دے گا۔

منظور شدہ و متفقہ:

______________________________ ______________________________

دستخط، اسسٹنٹ ضلعی وکیل تاریخ
تاریخ فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس

______________________________

تحریر کردہ نام، اسسٹنٹ ضلعی وکیل

مقدمہ نمبر۔_____________

| | | |
|---|---|---|
| **ریاست ٹیکساس** | § | **کاؤنٹی کی قانونی عدالت** |
| | § | |
| **بمقابلہ** | § | **نمبر۔ چھ** |
| | § | |
| _______________________ | § | **فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس** |

## DWI کی عدالت کے قبل از مقدمہ مداخلت میں شرکت کا حکم
## ORDER FOR PARTICIPATION IN DWI COURT PRE-TRIAL INTERVENTION

فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس کے ذریعے مدعا علیہ اور ریاست ٹیکساس کے مابین معاہدہ ہونے پر، عدالت حکم جاری کرتی ہے:

1. کہ مدعا علیہ مندرجہ ذیل فیسیں ادا کرے گا: ماہانہ نگرانی کی

| | |
|---|---|
| فیس: | $60 ماہانہ |
| لیبارٹری فیس: | $15 فی ٹیسٹ |
| انٹر لاک ڈیوائس: | $42 ماہانہ |
| VIP: | $35 فی کس |

مداخلتی پروگرام میں شرکت کی لاگتوں کو پورا کرنے کے لئے محکمے کو یہ ادائیگیاں کی جائیں گی اور محکمے کو یہاں مذکورہ رقم جمع کرنے اور اس معاہدے کی نگرانی کا حکم دیا جاتا ہے سوائے اس کے کہ مدعا علیہ کے مالیاتی بیان حلفی کی بنا پر مدعا علیہ کو مفلس قرار دیا جائے؛

2. مدعا علیہ اوپر دیے گئے بیان کے مطابق اس معاہدے پر عمل کرے گا۔

اس پر دستخط کردہ و حکم جاری کردہ منجانب___________________________

_______________________________________

صدر جج
County Court at Law No. 6
Fort Bend County, Texas